6. And there is no living creature on the earth but that upon Allah is its provision. And He knows its definite abode and its temporary deposit. All is in a clear Book.	۞ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝	اور نہیں کوئی جاندار رُوئے زمین پر مگر اللہ کے ذمہ ہے اُس کا رزق اور وہ جانتا ہے اُس کے رہنے کی جگہ اور اس کے سونپے جانے کی جگہ، ہر بات درج ہے ایک کھلی کتاب میں ۝
7. And it is He who created the heavens and the earth in six days, and His Throne was upon the water, that He might test you, which of you is best in deed. And if you (O Muhammad) were to say: "Indeed, you shall be raised up after death." Those who disbelieve will surely say: "This is not but an obvious magic."	وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝	اور وہی تو ہے جس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں اور تھا اس کا عرش پانی پر (پیدا کیا تم کو) تاکہ آزمائے تمہیں کہ تم میں سے کون بہتر ہے عمل کے لحاظ سے اور اگر تم کہتے ہو کہ یقیناً تم دوبارہ اُٹھائے جاؤ گے مرنے کے بعد تو فوراً بول اُٹھتے ہیں وہ لوگ جو کافر ہیں، نہیں ہے یہ مگر جادو، کھلا ۝

8. And if We delay from them the punishment until a determined period, they will surely say: "What withholds it." Behold, on the day it comes to them, it will not be averted from them, and will surround them that which they used to mock at.	وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝	اور اگر ہم مؤخر کرتے ہیں اُن سے عذاب ایک مقرّرہ مدّت تک تو ضرور کہتے ہیں یہ لوگ کہ کس چیز نے روک رکھا ہے اُسے؟ یاد رکھو جس دن آئے گا وہ (عذاب) اِن پر، نہیں ٹلے گا وہ اِن سے اور گھیر لے گا اِن کو وہ (عذاب) جس کا یہ مذاق اُڑایا کرتے تھے ۝
9. And if We give man a taste of mercy from Us, and then We withdraw it from him. Indeed, he is despairing, ungrateful.	وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ۝	اور اگر ہم چکھاتے ہیں انسان کو مزا اپنی کسی نعمت کا پھر چھین لیتے ہیں وہ اُس سے تو وہ ضرور مایوس ہو کر ناشکرا ہو جاتا ہے ۝
10. And if We let him taste of favor after harm has touched him, he is sure to say: "The ills have gone from me." Indeed, he is exultant, boastful.	وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّىْ ؕ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝	اور اگر ہم چکھاتے ہیں انسان کو (مزا) نعمتوں کا بعد کسی تکلیف کے جو پہنچی ہوتی ہے اُسے تو ضرور کہنے لگتا ہے وہ کہ دُور ہو گئیں سب سختیاں مجھ سے - اور پھر وہ پھُولا نہیں سماتا اور اکڑنے لگتا ہے ۝
11. Except those who are patient and do righteous deeds. Those, theirs will be forgiveness and a great reward.	اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝	سوائے اُن لوگوں کے جو صبر کرتے ہیں اور کرتے ہیں نیک کام - یہی ہیں وہ لوگ جن کے لیے ہے بخشش اور بڑا اجر ۝

12. Then (O Muhammad), would you possibly give up some of what is revealed to you, and your breast feels straitened by it, because they say: "Why has not been sent down to him a treasure, or come with him an angel." You are only a warner. And Allah is Trustee over all things.	فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۲﴾	شاید کہ تم چھوڑنے والے ہو اس میں سے کچھ جو وحی کیا جا رہا ہے تمہاری طرف اور تنگ ہونے لگا ہے اس کی وجہ سے تمہارا سینہ اس بنا پر کہ وہ کہیں گے کہ کیوں نہیں اُتارا گیا اِس پر کوئی خزانہ؟ یا (کیوں نہ) آیا اس کے ساتھ کوئی فرشتہ حقیقت یہ ہے کہ تم تو (صرف) خبردار کرنے والے ہو اور اللہ ہی ہر چیز کا کارساز ہے ﴿۱۲﴾
13. Or do they say: "He (Muhammad) has invented it (Quran)." Say: "Then bring ten surahs like unto it, invented, and call upon whomever you can other than Allah, if you are truthful."	اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾	کیا یہ کہتے ہیں کہ خود گھڑلی ہے اُس نے یہ کتاب؟ کہہ دیجیے! اچھا لاؤ تم دس سُورتیں اس کی مانند گھڑی ہوئی اور بُلا لو جن جن کو تم بلا سکتے ہو اپنے معبودوں میں سے مدد کے لیے اللہ کے سِوا، اگر ہو تم سچے ﴿۱۳﴾
14. "Then if they (your false gods) answer you not, then know that this (revelation) is sent down with the knowledge of Allah, and that there is no god except Him. Would you then be (of) those who surrender."	فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾	پھر اگر نہ قبول کریں وہ تمہاری بات تو جان رکھو حقیقت یہ ہے کہ نازل کی گئی ہے (یہ کتاب) اللہ کے علم سے اور یہ کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اُس کے کیا تم (اس امرِ حق کے آگے) سرِ تسلیم خم کرتے ہو؟ ﴿۱۴﴾
15. Whoever desires the life of the world and its adornments, We shall pay in full to them (the wages) for their deeds therein. And they will have no diminution therein.	مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾	جو کوئی چاہتا ہے دُنیا کی زندگی اور اُس کی رونق تو پُورا پُورا دیتے ہیں ہم بدلہ اُن کو اُن کے اعمال کا اسی دُنیا میں اور ان کے ساتھ اس میں ذرا بھی کمی نہیں کی جاتی ﴿۱۵﴾

16. They are those for whom there is nothing in the Hereafter, except Fire. And lost is what they did therein, and worthless is that which they used to do.	اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٦﴾	یہی ہیں وہ لوگ کہ نہیں ہے ان کے لیے آخرت میں (کچھ) سوائے جہنّم کے اور برباد ہوگیا وہ جو بنایا تھا اُنہوں نے اس دُنیا میں اور ضائع ہوگئے وہ سب (اعمال) جو وہ کیا کرتے تھے ﴿١٦﴾
17. Can then he be (like) him who is upon a clear proof from his Lord. And a witness from Him recites it. And before it was the Book of Moses, a guidance and a mercy. They believe therein. And whoever disbelieves in it among the factions, then the Fire will be his promised destination. So be not you in doubt about it. Indeed, it is the truth from your Lord, but most of mankind do not believe.	اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۚ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٧﴾	اور آجائے اُس کے ساتھ ایک گواہ بھی اللہ کی طرف سے اور اس سے پہلے موسیٰؑ کی کتاب، رہنمائی اور رحمت کے لیے (آچکی تھی کیا ایسے لوگ قرآن کا انکار کرسکتے ہیں، نہیں بلکہ) یہ تو ایمان لائیں گے اس پر اور جو انکار کرے گا اس کا گروہوں میں سے تو آگ ہے اُس کا ٹھکانا پس نہ پڑنا تم کسی شک میں اس کے بارے میں یقیناً یہ حق ہے تمہارے رب کی طرف سے لیکن (پھر بھی) بہت سے انسان ایمان نہیں لاتے ﴿١٧﴾
18. And who is more unjust than he who invents a lie about Allah. Those will be brought before their Lord, and the witnesses will say: "These are they who lied against their Lord." Behold, the curse of Allah is upon the wrong doers.	وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا ۭ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰي رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰي رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَي الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٨﴾	اور کون بڑا ظالم ہے اس شخص سے جو گھڑے اللہ پر جھوٹ، ایسے لوگ پیش کیے جائیں گے اپنے رب کے حضور، اور کہیں گے گواہ کہ یہی ہیں وہ لوگ جنہوں نے جھوٹ گھڑا تھا اپنے رب پر۔ سُنو! اللہ کی لعنت ہے ایسے ظالموں پر ﴿١٨﴾

19. Those who hinder (others) from the path of Allah, and seek a crookedness therein. And they are disbelievers in the Hereafter.	الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾	یہ وہ لوگ ہیں جو روکتے ہیں اللہ کی راہ سے اور چاہتے ہیں اس کو ٹیڑھا کرنا۔ اور یہی ہیں وہ لوگ جو آخرت کے منکر ہیں ﴿۱۹﴾
20. They will not be able to escape (from Allah's punishment) on the earth, nor are there for them, other than Allah, any protecting friends. The punishment will be doubled for them. They were not able to hear, nor did they see.	اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ؕ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾	وہ لوگ نہیں ہیں ایسے کہ عاجز کر سکیں (اللہ کو) زمین میں اور نہیں ہے اِن کا اللہ کے سوا کوئی حمایتی۔ دگنا دیا جائے گا اُنہیں عذاب۔ (کیونکہ شدّتِ کفر کی بنا پر) وہ نہ طاقت رکھتے تھے کوئی بات سننے کی اور نہ کچھ دیکھ سکتے تھے ﴿۲۰﴾
21. They are those who have lost their own selves, and has vanished from them that which they used to invent.	اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾	یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے خود خسارے میں ڈالا اپنی جانوں کو اور گم ہو گئے اُن سے وہ سب جن کو اُنہوں نے جھوٹ موٹ (معبود) بنا رکھا تھا ﴿۲۱﴾
22. Without a doubt, they are those who, in the Hereafter, will be the greatest losers.	لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾	لازماً یہی لوگ آخرت میں سب سے زیادہ خسارہ اُٹھانے والے ہوں گے ﴿۲۲﴾
23. Certainly, those who believe and do righteous deeds and humble themselves before their Lord. They will be the companions of the Garden. They will abide therein forever.	اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾	بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور کیے اُنہوں نے نیک کام اور جھکے رہے اپنے رب کے حضور۔ یہی لوگ ہیں اہلِ جنّت۔ یہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۳﴾

24. The similitude of the two parties is as the blind and the deaf and the seer and the hearer. Are they equal in similitude. Will you not then take heed.	مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾	مثال ان دو گروہوں کی ایسی ہے جیسے (ایک شخص) اندھا، بہرہ ہو اور (دوسرا شخص) دیکھنے اور سُننے والا، کیا یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں، بطورِ مثال بھی؟ پھر کیا نہیں غور کرتے تم؟ ﴿۲۴﴾
25. And indeed, We sent Noah to his people (he said): "Surely, I am a plain warner to you."	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖۤ ۙ اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۵﴾	اور بلاشُبہ بھیجا تھا ہم نے نوحؑ کو اُس کی قوم کی طرف (اُس نے کہا) یقیناً میں ہوں تمہارے لیے خبردار کرنے والا، صاف صاف ﴿۲۵﴾
26. That you worship none, but Allah. Surely, I fear for you, the punishment of a painful day.	اَنْ لَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّىْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۶﴾	(اور یہ پیغام پہنچانے آیا ہوں) کہ تم نہ عبادت کرو کسی کی سوائے اللہ کے، بے شک مجھے اندیشہ ہے تم پر ایک دن (آجائے گا) دردناک عذاب ﴿۲۶﴾
27. So the chiefs, who disbelieved among his people, said: "We do not see you but a mortal like ourselves, nor do we see you being followed except by those who are the lowest of us, immature in judgment. And we do not see in you any merit above us, in fact we think you as liars."	فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِىَ الرَّاْىِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾	تو کہا کچھ سرداروں نے جو کافر تھے اُس کی قوم میں سے کہ نہیں دیکھتے ہم تمہیں مگر ایک آدمی اپنے جیسا اور نہیں دیکھتے ہم کہ پیروی کی ہو تمہاری سوائے ان لوگوں کے جو ہم میں سے ادنیٰ درجے کے ہیں، سطحی سوچ والے، اور نہیں دیکھتے ہم کہ تمہیں ہم پر کوئی فضیلت حاصل ہو۔ بلکہ خیال کرتے ہیں ہم تمہیں جھوٹا ﴿۲۷﴾

28. He said: "O my people, see you, if I should be upon a clear evidence from my Lord, and He has given me a mercy from Himself, and it has been made obscure to you. Shall we force it upon you while you have a hatred for it."	قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾	فرمایا: اے میری قوم! ذرا سوچو تو اگر قائم ہوں میں ایک کھلی شہادت پر اپنے رب کی طرف سے اور دی ہو اُس نے مجھے اپنی رحمت بطورِ خاص اندھا رکھا گیا ہو (اس سے) تمہیں، تو کیا ہم اس کے لیے مجبور کر سکتے ہیں تم کو جبکہ تم اس کو ناپسند کرتے ہو ﴿۲۸﴾
29. "And O my people, I ask of you no wealth for it. My recompense is not but with Allah, and I am not going to drive away those who have believed. Indeed, they will meet their Lord. But I see you a people that are ignorant."	وَيٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَمَاۤ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّيْۤ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۹﴾	اور اے میری قوم! نہیں مانگتا میں تم سے اس خدمت پر مال (و زر) نہیں ہے، میرا اجر مگر اللہ کے ذمہ اور نہیں ہوں میں پرے ہٹانے والا اپنے پاس سے ان لوگوں کو جو ایمان لائے یقیناً وہ ملنے والے ہیں اپنے رب سے بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ تم لوگ جہالت کر رہے ہو ﴿۲۹﴾

30. "And O my people, who will help me against Allah if I drove them away. Then will you not give a thought."	وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾	اور اے میری قوم! کون بچائے گا مجھے اللہ (کی پکڑ) سے اگر میں نے دھتکار دیا انہیں۔ کیا نہیں سمجھتے تم (یہ بات)؟ ﴿۳۰﴾
31. "And I do not say to you that with me are the treasures of Allah, nor do I have knowledge of the unseen, nor do I say that I am an angel, nor do I say of those whom your eyes look down upon that Allah will never grant them any good. Allah knows best of what is in their souls. Indeed, I would then be among the wrong doers."	وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۖ اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾	اور نہ میں کہتا ہوں تم سے کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں جانتا ہوں غیب کی باتیں اور نہ میں کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ اور نہ میں یہ کہہ سکتا ہوں ان لوگوں کے بارے میں جن کو حقیر سمجھتی ہیں تمہاری آنکھیں کہ ہرگز نہیں دے گا ان کو اللہ بھلائی، اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ ان کے دلوں میں ہے یقیناً میں، اگر ایسا کہوں تو ضرور ظالموں میں سے ہو جاؤں گا ﴿۳۱﴾
32. They said: "O Noah, surely, you have disputed with us, then much have you prolonged the dispute with us, so bring upon us that with which you threaten us, if you are of the truthful."	قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۲﴾	انہوں نے کہا: اے نوحؑ! یقیناً تو نے ہم سے جھگڑا کیا اور بہت جھگڑا کر لیا۔ پس اب لے آ ہم پر وہ (عذاب) جس سے تم ہمیں ڈرا رہے ہو، اگر ہو تم سچے ﴿۳۲﴾

33. He said: "Only Allah will bring it upon you if He wills, and you will not escape."	قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿٣٣﴾	نوحؑ نے کہا: حقیقت یہ ہے کہ لائے گا تم پر عذاب اللہ، اگر چاہے گا اور نہیں ہو تم (اللہ کو) کسی طرح عاجز کرنے والے ﴿٣٣﴾
34. "And my advice will not benefit you, even if I wish to advise you, if Allah should intend to keep you astray. He is your Lord, and to Him you will be returned."	وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ؕ هُوَ رَبُّكُمْ ۫ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٣٤﴾	اور نہیں فائدہ پہنچا سکتی تمہیں میری خیر خواہی اگر میں چاہوں بھلا کرنا تمہارے ساتھ، اگر ہو اللہ کا ارادہ کہ تمہیں گمراہ کرے۔ وہی تمہارا مالک ہے اور اُسی کی طرف تمہیں لوٹ کر جانا ہے ﴿٣٤﴾
35. Or do they say: "He (Muhammad) has invented it (Quran)." Say: "If I have invented it, then upon me will be my crimes, and I am innocent of what (crimes) you commit."	اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ﴿٣٥﴾	کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ گھڑ لیا ہے اُس نے اس (قرآن) کو؟ کہو! اگر مَیں نے یہ خود گھڑا ہے تو میرے اُوپر ذمہ داری ہے میرے جُرم کی اور میں بری ہُوں ان (جرائم) سے جو تم کرتے ہو ﴿٣٥﴾
36. And it was revealed to Noah that: "No one will believe from your people except those who have believed already. So be not distressed because of what they have been doing."	وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾	اور وحی کی گئی نوحؑ کی طرف کہ صورتِ حال یہ ہے! ہرگز نہیں ایمان لائیں گے تمہاری قوم میں سے مگر صرف وہ جو ایمان لا چکے ہیں، سو تم غمگین نہ ہو ان (حرکتوں) پر جو یہ کر رہے ہیں ﴿٣٦﴾
37. "And build the ship under Our eyes and Our inspiration, and do not address Me on behalf of those who have wronged. Surely, they will be drowned."	وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿٣٧﴾	اور بناؤ ایک کشتی ہماری نگرانی میں اور ہماری وحی کے مطابق اور نہ بات کرنا تم مجھ سے ان لوگوں کے حق میں جنہوں نے ظلم کیا ہے۔ یقیناً وہ ڈُبو کر رہیں گے ﴿٣٧﴾

38. And he built the ship, and whenever the chiefs of his people passed by him, they made a mockery of him. He said: "If you mock at us, so do we indeed mock at you, likewise of your mocking."	وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۖ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّن قَوْمِهِ سَخِرُوا مِنْهُ ۚ قَالَ إِن تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ ﴿٣٨﴾	اور بنانے لگے (نوحؑ) کشتی اور جب بھی گزرتے اس کے پاس سے سردار اُس کی قوم کے تو مذاق اُڑاتے اس کا نوحؑ فرماتے اگر تم مذاق اُڑا رہے ہو ہمارا تو یقیناً ہم بھی مذاق اُڑائیں گے تمہارا جیسے تم مذاق اُڑا رہے ہو ﴿٣٨﴾
39. "Then soon you will know who it is to whom will come a punishment that will disgrace him, and upon whom will fall a lasting punishment."	فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ﴿٣٩﴾	اور عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کس پر آتا ہے عذاب، رسوا کرنے والا اور پڑتا ہے کس پر عذاب، ہمیشہ رہنے والا؟ ﴿٣٩﴾
40. Until when Our command came to pass and the oven gushed forth (with water). We said: "Embark therein, of each kind two (male and female), and your household, except him against whom the word has gone forth already, and those who believe." And none believed with him, except a few.	حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ ۖ قُلْنَا احْمِلْ فِيهَا مِن كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَن سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ آمَنَ ۚ وَمَا آمَنَ مَعَهُ إِلَّا قَلِيلٌ ﴿٤٠﴾	یہاں تک کہ جب آگیا ہمارا حکم اور جوش مارنے لگا وہ تنور تو ہم نے کہا کہ سوار کر لو اِس کشتی میں ہر قسم سے نر و مادہ دو (جانور) اور اپنے گھر والوں کو سوائے اُن کے کہ پہلے صادر ہو چکا ہے اُن کے بارے میں حکم اور (انہیں بھی سوار کر لو) جو ایمان لے آئے ہیں اور نہیں ایمان لائے تھے ان کے ساتھ مگر بہت کم (لوگ) ﴿٤٠﴾
41. And he (Noah) said: "Embark therein. In the name of Allah is its moving course and its resting anchorage. Surely, my Lord is Oft Forgiving, Most Merciful."	وَقَالَ ارْكَبُوا فِيهَا بِسْمِ اللَّهِ مَجْرِاهَا وَمُرْسَاهَا ۚ إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٤١﴾	اور کہا (نوحؑ نے) سوار ہو جاؤ اس (کشتی) میں، اللہ ہی کے نام سے ہے اس کا چلنا بھی اور ٹھہرنا بھی بے شک میرا رب بڑا معاف کرنے والا، رحم فرمانے والا ہے ﴿٤١﴾

42. And it sailed with them amidst waves like mountains, and Noah called out to his son, and he was at a distance (from the rest): "O my son, come ride with us, and do not be with the disbelievers."	وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۫ وَنَادٰى نُوْحُ ِۨ ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۲﴾	اور وہ چلتی رہی ان کو لے کر ایسی موجوں میں جو پہاڑ جیسی تھیں اور آواز دی نوحؑ نے اپنے بیٹے کو جو تھا دُور کنارے پر، اے بیٹے! سوار ہو جا ہمارے ساتھ اور مت رہ کافروں کے ساتھ ﴿۴۲﴾
43. He (son) said: "I shall take refuge on a mountain, it will save me from the water." He (Noah) said: "This day there is none that saves from the decree of Allah except him on whom He has mercy." And a wave came in between them, so he was among those who were drowned.	قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ۭ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ﴿۴۳﴾	کہا (اس نے) کہ میں پناہ لے لوں گا کسی پہاڑ کی جو مجھے بچا لے گا پانی سے۔ (نوحؑ نے) کہا: نہیں ہے کوئی بچانے والا آج اللہ کے عذاب سے مگر (وہی بچے گا) جس پر وہ رحم فرمائے۔ اور اسی وقت حائل ہو گئی ان کے درمیان موج اور ہو گیا وہ شامل ڈوبنے والوں میں ﴿۴۳﴾
44. And it was said: "O earth, swallow up your water, and O sky, withhold (rain)." And the water was made to subside. And the decree was fulfilled. And it (the ship) came to rest upon (the mount) Al-Judi, and it was said: "A far removal for wrong doing people."	وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَاۗءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَاۗءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَي الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾	اور حکم ہوا اے زمین! نگل جا اپنا پانی اور اے آسمان! تھم جا اور اُتر گیا پانی اور چکا دیا گیا فیصلہ اور جا ٹھہری (کشتی) کوہِ جُودی پر اور کہا گیا (زبانِ حال سے) کہ لعنت پڑ گئی ان لوگوں پر جو ظالم ہیں ﴿۴۴﴾
45. And Noah called upon his Lord, so he said: "My Lord, surely, my son is of my household. And surely, Your promise is true, and You are the Most Just of Judges."	وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۴۵﴾	اور پکارا نوحؑ نے اپنے رب کو اور عرض کیا: اے میرے مالک! میرا بیٹا بھی میرے گھر والوں میں سے ہے اور بے شک تیرا وعدہ سچا ہے اور تُو سب حاکموں سے بڑا حاکم ہے ﴿۴۵﴾

46. He (Allah) said: "O Noah, indeed, he is not of your household. Indeed, his conduct was unrighteous. So ask Me not for that of which you have no knowledge. Indeed, I advise you, lest you be among the ignorant."	قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنِّىْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝۴۶	ارشاد ہُوا: اے نوحؑ! واقعہ یہ ہے کہ وہ نہیں ہے تمہارے گھر والوں میں سے۔ بے شک اس کے کام ہیں خراب لہٰذا نہ درخواست کرو تم مجھ سے ایسی جس کے بارے میں نہیں ہے تمہیں کچھ علم؛ البتہ میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ (نہ) ہو جانا تم جاہلوں میں سے ۝۴۶
47. He (Noah) said: "My Lord, indeed, I seek refuge with You, that I should ask You that of which I have no knowledge. And unless You forgive me and have mercy upon me, I would indeed be among the losers."	قَالَ رَبِّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِىْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِىْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝۴۷	(نوحؑ نے) عرض کیا، اے میرے رب! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں اس بات سے کہ میں تجھ سے مانگوں وہ چیز کہ نہیں ہے مجھے اُس کا علم۔ اور اگر نہ کیا تو نے مجھے معاف اور رحم (نہ) فرمایا تو ہو جاؤں گا میں برباد ۝۴۷
48. It was said: "O Noah, disembark with peace from Us, and blessings on you and on nations (descending) from those with you. And (there will be other) nations to whom We shall give enjoyment a while, then a painful punishment from Us will reach them."	قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ۭ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۴۸	حکم ہُوا: اے نوحؑ! اُتر جاؤ سلامتی کے ساتھ ہماری طرف سے اور برکتیں نازل ہوں تم پر اور ان گروہوں پر جو تمہارے ساتھ ہیں۔ اور کچھ گروہ ایسے ہیں جنہیں دیں گے ہم (دُنیاوی) فائدہ پھر پہنچے گا اُن کو ہماری طرف سے دردناک عذاب ۝۴۸
49. That is of the news of the unseen which We have revealed to you (Muhammad). You knew it not, (neither) you, nor your people before this. So have patience. Indeed, the (good) end is for those who fear (Allah).	تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۭ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝۴۹	یہ خبریں ہیں غیب کی جو ہم وحی کر رہے ہیں تمہاری طرف (اے نبیؐ)، نہیں جانتے تھے یہ باتیں تم اور نہ تمہاری قوم اس سے پہلے، لہٰذا صبر کرو، یقیناً انجامِ کار متقیوں کے حق میں ہے ۝۴۹

50. And to (the tribe of) A'ad (We sent) their brother, Houd. He said: "O my people, worship Allah. You have no god other than Him. You are not but inventors (of lies)."	وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾	اور عاد کی طرف (بھیجا ہم نے) اُن کے بھائی ہُودؑ کو ہودؑ نے کہا، اے میری قوم! عبادت کرو اللہ کی، نہیں ہے تمہارا کوئی معبود اُس کے سوا نہیں ہو تم (اپنے شرک میں) مگر جھوٹ گھڑنے والے ﴿۵۰﴾
51. "O my people, I ask you of no reward for it. My reward is not except from Him who created me. Will you then not understand."	يٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾	اے میری قوم! نہیں مانگتا میں تم سے اس (خدمت) پر کوئی صِلہ، نہیں ہے میرا اجر مگر اُس ہستی کے ذمہ جس نے مجھے پیدا کیا۔ کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ ﴿۵۱﴾
52. "And O my people, ask forgiveness of your Lord, then turn to Him (in repentance). He will send (from) the sky upon you abundant rain, and will add unto you strength to your strength. And do not turn away as criminals."	وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾	اور اے میری قوم! معافی چاہو اپنے رب سے پھر پلٹو اُسی کی طرف، برسائے گا وہ آسمان سے تم پر موسلا دھار بارش اور اضافہ کرے گا مزید قوّت کا، تمہاری موجودہ قوّت میں اور مت موڑو منہ (بندگی سے) مُجرم بن کر ﴿۵۲﴾
53. They said: "O Houd, you have not brought us clear evidence, and we shall not leave our gods on your (mere) saying, and we are not believers in you."	قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْۤ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾	اُنہوں نے کہا: اے ہودؑ! نہیں لائے تم ہمارے پاس کوئی صریح شہادت اور نہیں ہیں ہم چھوڑنے والے اپنے معبُودوں کو تمہارے کہنے سے اور نہیں ہیں ہم تمہاری بات ماننے والے ﴿۵۳﴾

54. "We say nothing but that some of our gods have possessed you with evil." He said: "Indeed, I take Allah as witness, and you (too) bear witness that I am free from that which you ascribe as partners (to Allah)."	اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۙ﴿۵۴﴾	نہیں کہتے ہم مگر (یہی کہ) مُبتلا کر دیا ہے تم کو ہمارے معبودوں میں سے کسی نے خرابی میں۔ ہُودؑ نے فرمایا! بے شک میں بناتا ہوں گواہ اللہ کو اور تم بھی گواہ رہو کہ یقیناً میں بیزار ہوں اُن سے جن کو تم شریک ٹھہراتے ہو ﴿۵۴﴾
55. "Other than Him. So plot against me all together, then give me no respite."	مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾	اللہ کے سوا، سو تدبیر کر لو تم میرے خلاف سب مل کر پھر نہ دو مجھے ذرا بھی مہلت ﴿۵۵﴾
56. "Indeed, I have put my trust in Allah, my Lord and your Lord. There is not of a moving creature but He has grasp of its forelock. Indeed, My Lord is on the straight path."	اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾	بے شک میرا بھروسہ اللہ پر ہے جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے نہیں ہے کوئی جاندار مگر پکڑے ہُوئے ہے وہ اس کی پیشانی کے بالوں سے بے شک میرا رب (ملتا) ہے صراطِ مستقیم پر ﴿۵۶﴾
57. "So if you turn away, then indeed, I have conveyed to you that which I have been sent with to you. And my Lord will replace you with people other than yourselves. And you will not harm Him at all. Indeed, my Lord is Guardian over all things."	فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ؕ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۵۷﴾	پھر اگر منہ پھیرتے ہو تم تو یقیناً میں پہنچا چُکا ہوں تم کو وہ پیغام جو دے کر بھیجا گیا ہوں تمہاری طرف اور جانشین کر دے گا میرا رب کسی اور قوم کو تمہاری جگہ اور نہیں بگاڑ سکو گے تم اُس کا کچھ بھی یقیناً میرا رب ہر چیز پر نگراں ہے ﴿۵۷﴾
58. And when Our command came, We saved Houd and those who believed with him by a mercy from Us. And We saved them from a severe punishment.	وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۵۸﴾	اور جب آ پہنچا ہمارا عذاب تو نجات دی ہم نے ہودؑ کو اور اُن لوگوں کو جو ایمان لائے تھے اُس کے ساتھ اپنی رحمتِ خاص سے اور نجات دی ہم نے اُن کو سخت عذاب سے ﴿۵۸﴾

وَتِلْكَ عَادٌ ۖ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿٥٩﴾	59. And such were A'ad. They rejected the signs of their Lord, and disobeyed His messengers, and followed the command of every obstinate tyrant.	اور یہ ہے قومِ عاد کہ انکار کیا تھا اُنہوں نے اپنے رب کی آیات کا اور نافرمانی کی اللہ کے رسولوں کی اور ماننے رہے کہنا ہر ظالم سرکش کا ﴿٥٩﴾
وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿٦٠﴾	60. And they were followed in this world with a curse and on the Day of Resurrection. Behold, indeed A'ad disbelieved in their Lord. Behold, a far removal for A'ad, the people of Houd.	آخر کار آ پڑی اُن پر اس دُنیا میں بھی لعنت اور ہوگی قیامت کے دن بھی۔ سنو! بلاشبہ عاد نے کفر کیا اپنے رب کے ساتھ۔ خبردار رہو، پھٹکار پڑی عاد پر جو قوم تھی ہُودؑ کی ﴿٦٠﴾
وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿٦١﴾	61. And to (the tribe of) Thamud (We sent) their brother Salih. He said: "O my people, worship Allah. You have no god other than Him. It is He who has brought you forth from the earth, and has settled you therein. So ask forgiveness of Him, then turn to Him (in repentance). Indeed, my Lord is Near, Responsive."	اور (بھیجا ہم نے) ثمود کی طرف اُن کے بھائی صالحؑ کو تو اس نے کہا: اے میری قوم! عبادت کرو اللہ کی نہیں ہے تمہارا کوئی معبود سوائے اُس کے اسی نے پیدا کیا ہے تم کو زمین سے اور آباد کیا ہے تم کو اِس میں سو معافی چاہو اُس سے پھر پلٹو اسی کی طرف بے شک میرا رب قریب ہی ہے اور (دعائیں) قبول کرنے والا ہے ﴿٦١﴾
قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿٦٢﴾	62. They said: "O Salih, indeed you have been among us as a figure of hope before this. Do you (now) forbid us to worship of what our forefathers have worshipped. And indeed, we are really in grave doubt about that to which you invite us."	اُنہوں نے کہا: اے صالحؑ! تھے تم ہم میں ایک ایسے شخص جس سے بڑی اُمیدیں وابستہ تھیں اس سے پہلے کیا منع کرتے ہو تم ہمیں اس سے کہ عبادت کریں ہم اُن کی جن کی عبادت کرتے تھے ہمارے باپ دادا اور یقیناً ہم شک میں مُبتلا ہیں اُس (طریقے) کے بارے میں، دعوت دے رہے ہو تم ہمیں جس کی (اور اُس پر) دل نہیں جمتا ﴿٦٢﴾

63. He said: "O my people, do you see, if I am upon a clear evidence from my Lord, and there has come to me a mercy from Him, then who will save me from Allah if I disobeyed Him. So you would not increase me but in loss."	قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ ۫ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿٦٣﴾	صالحؑ نے کہا: اے میری قوم! ذرا غور کرو کہ اگر قائم ہوں میں ایک واضح شہادت پر اپنے رب کی طرف سے اور سرفراز کیا ہو اُس نے مجھے اپنی رحمت سے، پھر کون بچائے گا مجھے اللہ (کی پکڑ) سے اگر نافرمانی کروں میں اس کی اور نہیں اضافہ کر سکتے تم میرے لیے سوائے نقصان کے ﴿٦٣﴾
64. "And O my people, this is the she-camel of Allah, a sign to you, so let her pasture on Allah's earth, and do not touch her with harm, lest a near punishment should seize you."	وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿٦٤﴾	اور اے میری قوم! یہ ہے اللہ کی اُونٹنی، تمہارے لیے ایک نشانی تو چھوڑے رکھو اسے کہ کھاتی پھرے اللہ کی زمین میں اور مت چھونا اُس کو بُرائی سے ورنہ آلے گا تمہیں عذاب، بہت جلد آنے والا ﴿٦٤﴾
65. Then they hamstrung her. So he said: "Enjoy yourselves in your dwelling-place three days. This is a threat that will not be belied."	فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿٦٥﴾	لیکن اُنھوں نے اُسے مار ڈالا تب (صالحؑ نے) کہا: عیش کر لو تم اپنے گھروں میں تین دن یہ وعدہ ہے (اللہ کا) جو جھوٹا نہ ہوگا ﴿٦٥﴾
66. So when Our command came, We saved Salih and those who believed with him by a mercy from Us, and from the ignominy of that day. Indeed, your Lord, He is the All-Strong, the All Mighty.	فَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِىِٕذٍ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿٦٦﴾	پھر جب آپہنچا ہمارا عذاب تو بچا لیا ہم نے صالحؑ کو اور اُن لوگوں کو جو ایمان لائے تھے اس کے ساتھ اپنی رحمتِ خاص سے اور (محفوظ رکھا) رسوائی سے اُس دن کی بے شک تیرا رب ہی طاقت والا اور زبردست ہے ﴿٦٦﴾
67. And the (awful) cry overtook those who had wronged , so they lay prostrate (dead) in their dwellings.	وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٦٧﴾	اور آلیا ان لوگوں کو جو ظالم تھے ایک زبردست دھماکے نے اور پڑے رہ گئے وہ اپنے گھروں میں بے حس و حرکت ﴿٦٧﴾

68. As though they had not dwelt therein. Behold, indeed Thamud disbelieved in their Lord. Behold, a far removal for Thamud.	كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿۶۸﴾	گویا کہ وہ کبھی بسے ہی نہ تھے ان میں۔ سن لو! بے شک ثمود نے کفر کیا تھا اپنے رب کے ساتھ سُن لو! پھٹکار ہے ثمود پر ﴿۶۸﴾
69. And indeed, Our messengers came to Abraham with good news. They said: "Peace." He said: "Peace," then delayed not to bring a roasted calf.	وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿۶۹﴾	اور البتہ آئے ہمارے بھیجے ہُوئے (فرشتے) ابراہیمؑ کے پاس خوشخبری لے کر، اُنہوں نے کہا: سلام ابراہیمؑ نے بھی کہا: سلام ہو تم پر پھر کچھ دیر نہ گزری کہ لے آئے ابراہیمؑ ایک بچھڑا، بھُنا ہُوا ﴿۶۹﴾
70. Then when he saw their hands not reaching to it, he mistrusted them and conceived a fear of them. They said: "Fear not, indeed, we have been sent to the people of Lot."	فَلَمَّا رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ؕ ﴿۷۰﴾	پھر جب دیکھا ابراہیمؑ نے کہ ان کے ہاتھ نہیں بڑھتے ہیں کھانے پر تو کھٹک گئے اُن سے اور محسوس کرنے لگے دل میں اُن سے خوف۔ اُنہوں نے کہا: ڈرو نہیں ہم بھیجے گئے ہیں، قومِ لُوطؑ کی طرف ﴿۷۰﴾
71. And his wife was standing by, so she laughed. Then We gave her good tidings (of the birth) of Isaac, and after Isaac, Jacob.	وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾	اور ابراہیمؑ کی بیوی کھڑی تھی (یہ سن کر) وہ ہنس دی تو خوشخبری دی ہم نے اُسے اسحٰقؑ کی اور بعد اسحٰقؑ کے یعقوبؑ کی ﴿۷۱﴾
72. She said: "woe unto me, shall I bear a child and I am an old woman, and this, my husband is an old man. Surely, this is indeed a strange thing."	قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿۷۲﴾	اس نے کہا: ہائے میری کم بختی! کیا میرے ہاں بچہ ہوگا حالانکہ میں بُوڑھی ہو چکی ہُوں اور یہ میرے میاں بھی بُوڑھے ہیں۔؟ یقیناً یہ تو بڑی عجیب بات ہے ﴿۷۲﴾

73. They said: "Do you wonder at the command of Allah. The mercy of Allah and His blessings be upon you, O people of the house. Surely, He is All Praiseworthy, All Glorious."	قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿۷۳﴾	فرشتوں نے کہا: کیا تعجب کرتی ہو تم اللہ کے حکم پر، رحمت ہو اللہ کی اور اس کی برکتیں نازل ہوں تم پر اے (ابراہیمؑ کے) گھر والو! یقیناً اللہ ہے نہایت قابلِ تعریف اور بڑی شان والا ﴿۷۳﴾
74. Then when the fear had gone away from Abraham, and the glad news had reached him, he began to argue with Us on behalf of the people of Lot.	فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۴﴾	پھر جب دُور ہو گئی ابراہیمؑ کی گھبراہٹ اور مل گئی انہیں (اولاد کی) خوشخبری تو اس نے جھگڑنا شروع کر دیا ہم سے قومِ لوطؑ کے بارے میں ﴿۷۴﴾
75. Surely, Abraham was, without doubt forbearing, compassionate, oft-turning (to Allah).	اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ﴿۷۵﴾	حقیقت میں ابراہیمؑ بڑے تحمل والے نرم دل اور ہم سے لو لگانے والے ہیں ﴿۷۵﴾
76. (It was said): "O Abraham, forsake this. Indeed, your Lord's command has gone forth. And indeed, there will come to them a punishment which cannot be turned back."	يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿۷۶﴾	اے ابراہیمؑ! چھوڑ دو یہ خیال۔ صورتِ حال یہ ہے کہ آ چکا ہے حکم تیرے رب کا۔ اور اب یقیناً آ کر رہے گا اُن پر عذاب، نہ ٹلنے والا ﴿۷۶﴾
77. And when Our messengers (the angels) came to Lot, he was anguished for them, and felt for them discomfort. And he said: "This is a distressing day."	وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿۷۷﴾	پھر جب آئے ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) لوطؑ کے پاس تو بہت ناگوار گزرا انہیں اُن کا آنا اور دل میں کڑھنے لگے اور کہنے لگے یہ دن ہے بڑی مصیبت کا ﴿۷۷﴾

78. And his people came to him, rushing to him. And before (this), they had been doing evil deeds. He said: "O my people, here are my daughters, they are purer for you. So fear Allah, and do not disgrace me concerning my guests. Is there not among you a right-minded man."	وَ جَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ؕ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ؕ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ﴿۷۸﴾	اور آئے اُس کے پاس اُس کی قوم (کے لوگ) بے اختیار دوڑتے ہُوئے اُس کی طرف اور پہلے بھی کیا کرتے تھے وہ بُرے کام (اُنہیں دیکھ کر) کہا لوطؑ نے: اے میری قوم! یہ ہیں میری بیٹیاں، یہ زیادہ پاکیزہ ہیں تمہارے لیے پس ڈرو اللہ سے اور نہ رسوا کرو مجھے میرے مہمانوں کے معاملہ میں۔ کیا نہیں ہے تم میں کوئی بھلا آدمی؟ ﴿۷۸﴾
79. They said: "Surely, you know that we have no right to your daughters, and indeed you know what we want."	قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ﴿۷۹﴾	اُنہوں نے کہا یقیناً تو جانتا ہے کہ نہیں ہے ہمیں تیری بیٹیوں سے کوئی رغبت اور یقیناً تو جانتا ہے کہ ہم کیا چاہتے ہیں؟ ﴿۷۹﴾
80. He said: "If only that I had strength against you, or I could seek refuge in some powerful support."	قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ ﴿۸۰﴾	لوطؑ نے کہا: کاش! ہوتی میرے پاس تمہارے مقابلہ کی طاقت یا مَیں پناہ لے سکتا کسی سہارے کی جو بہت مضبوط ہوتا ﴿۸۰﴾
81. They (the angels) said: O Lot, indeed we are messengers from your Lord. They shall never reach you. So travel with your family in a part of the night, and let not any of you turn around, except your wife. Indeed, will afflict her, that which will afflict them. Indeed, their promised hour is morning. Is not the morning near."	قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿۸۱﴾	فرشتوں نے کہا: اے لوطؑ! بے شک ہم بھیجے ہُوئے (فرشتے) ہیں تیرے رب کے، ہرگز نہیں پہنچ سکیں گے یہ تم تک سو چل پڑو اپنے گھر والوں کو لے کر کسی حصّے میں رات کے اور نہ پیچھے پلٹ کر دیکھے تم میں سے کوئی مگر تمہاری بیوی (جو ساتھ نہ جائے گی) واقعہ یہ ہے کہ اس پر بھی وہی آفت آنے والی ہے جو اِن لوگوں پر آئے گی۔ بے شک اُن کی تباہی کا وقتِ مقرّر صُبح کا ہے۔ کیا نہیں ہے صُبح بہت قریب؟ ﴿۸۱﴾

82. So when Our command came, We turned it (the township) upside down, and We rained upon it stones of layered baked clay.	فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ﴿۸۲﴾	پھر جب آیا ہمارا عذاب تو کر دیا ہم نے اس بستی کو تلپٹ اور برسائے ہم نے اس پر پتھر کھنگر کے، لگاتار ﴿۸۲﴾
83. Marked from your Lord. And it (punishment) is not far off from the wrong doers.	مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ۭ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۳﴾	جو نشان زدہ تھے تیرے رب کے ہاں اور نہیں ہے وہ بستی ان ظالموں سے کچھ دُور ﴿۸۳﴾
84. And to the Midian (We sent) their brother Shueyb. He said: "O my people, worship Allah. You have no god other than Him. And do not decrease from the measure and weight. Indeed, I see you in prosperity, and indeed, I fear for you the punishment of a day that will encompass (you) all around."	وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّىْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿۸۴﴾	اور (بھیجا ہم نے) مدین والوں کی طرف اُن کے بھائی شعیبؑ کو، اُنہوں نے کہا، اے میری قوم! عبادت کرو اللہ کی نہیں ہے تمہارا کوئی خدا (قابلِ عبادت) سوائے اس کے اور نہ کمی کرو ناپ اور تول میں، بے شک میں دیکھتا ہوں تمہیں (آج) خوشحال اور (اگر تم باز نہ آئے) تو مجھے اندیشہ ہے تمہارے بارے میں ایک ایسے دن کے عذاب کا جو سب کو گھیر لے گا ﴿۸۴﴾
85. "And O my people, give full measure and weight in justice, and reduce not people in respect of their goods. And do not go about creating corruption in the land."	وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَاۗءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۸۵﴾	اور اے میری قوم! پُورا کیا کرو ناپ اور تول انصاف کے ساتھ اور نہ گھاٹا دیا کرو لوگوں کو اُن کی چیزوں میں اور مت پھرو تم زمین میں فساد مچاتے ہُوئے ﴿۸۵﴾
86. "That which Allah leaves (with you) is better for you if you are believers. And I am not a guardian over you."	بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿۸۶﴾	اللہ کی (دی ہُوئی) بچت بہتر ہے تمہارے لیے، اگر ہو تم مومن، اور نہیں ہوں میں تم پر پہرے دار ﴿۸۶﴾

87. They said: "O Shueyb, does your prayer command you that we should leave off that which our fathers used to worship, or that (we should leave off) what we do with our wealth as we please. Indeed you are the forbearing, the guide to right behavior."	قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ﴿۸۷﴾	انھوں نے کہا، اے شعیبؑ! کیا تیری نماز تجھے حکم دیتی ہے کہ ہم (پوجنا) چھوڑ دیں انہیں جن کو پوجا کرتے تھے ہمارے آباؤ اجداد یا (نہ) کریں ہم اپنے مالوں میں وہ تصرف جو ہم چاہتے ہیں بس تم ہی تو رہ گئے ہو بُردبار اور نیک چلن آدمی ﴿۸۷﴾
88. He said: "O my people, do you see, if I am upon a clear evidence from my Lord, and He has provided me from Him a fair sustenance. And I do not intend, in opposition to you, to do that what I forbid you from. I intend not but reform as much as I am able. And my success is not except from Allah. Upon Him I trust, and unto Him I turn (repentant)."	قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ؕ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾	شعیبؑ نے کہا: اے میری قوم! دیکھو تو اگر ہوں میں قائم ایک کھلی شہادت پر اپنے رب کی طرف سے اور عطا کیا ہو اُس نے مجھے اپنے ہاں سے اچھا رزق اور نہیں ہے میرا یہ ارادہ کہ مَیں خلاف کروں اس بات کے، منع کر رہا ہوں جس سے میں تم کو، نہیں چاہتا میں مگر اصلاح کرنا اپنی بساط کے مطابق اور نہیں ہے مجھے توفیق مگر اللہ کی طرف سے، اسی پر میرا بھروسہ ہے اور اُسی سے میں رجوع کرتا ہُوں ﴿۸۸﴾
89. "And, O my people, let not (your) opposition to me lead you (to any crime) that there befall you, similar to that which befell the people of Noah, or the people of Houd, or the people of Salih. And the people of Lot are not far off from you."	وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۹﴾	اور اے میری قوم! کہیں مجرم نہ بنا دے تم کو، میری مخالفت ایسا (مجرم) کہ آپڑے تم پر ویسا ہی (عذاب) جیسا کہ آیا تھا قومِ نوحؑ پر یا قومِ ہودؑ پر یا قومِ صالحؑ پر اور نہیں ہے قومِ لُوطؑ تم سے کچھ زیادہ دُور ﴿۸۹﴾

90. "And ask forgiveness of your Lord, then turn unto Him (in repentance). Surely, my Lord is Most Merciful, Most Loving."	وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿٩٠﴾	اور معافی مانگو تم اپنے رب سے پھر پلٹ آؤ اسی کی طرف بے شک میرا رب ہے مہربان اور بہت محبت کرنے والا ﴿٩٠﴾
